# SITARA
CHEMICAL INDUSTRIES LIMITED

## NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 36th Annual General Meeting of Sitara Chemical Industries Limited will be held at The Institute of Chartered Accountants of Pakistan (ICAP) Auditorium Hall, Chartered Accountants Avenue, Clifton, Karachi, on Wednesday, October 25, 2017 at 6:00 p.m., to transact the following business:

1. To confirm the minutes of Annual General Meeting held on October 28, 2016.
2. To receive, consider and adopt the Annual Audited Accounts of the Company for the year ended June 30, 2017 together with the Reports of Auditors and Directors thereon.
3. To approve payment of Cash Dividend at the rate of 125% (Rs.12.50 per share) as recommended by the Board of Directors.
4. To appoint auditors for the year ending June 30, 2018 and to fix their remuneration.
5. To transact any other ordinary business of the Company with the permission of the Chair.

**By Order of the Board**

MAZHAR ALI KHAN
Company Secretary

Karachi:
Dated: September 22, 2017

**NOTES:**

**1. CLOSURE OF SHARE TRANSFER BOOKS.**
The share transfer books of the company will remain closed and no transfer of shares will be accepted for registration from October 18, 2017 to October 25, 2017 (both days inclusive). Transfers received in order at Company's Share Registrar's Office by the close of business on October 17, 2017 will be treated in time for the purpose of payment of cash dividend, if approved by the shareholders.

**2. PARTICIPATION IN THE ANNUAL GENERAL MEETING.**
A member entitled to attend and vote at this meeting is entitled to appoint another member as his/her proxy to attend and vote. Proxies in order to be effective must be received at Company's Share Registrar's Office M/s. THK Associates (Pvt) Limited, 1st Floor, 40-C, Block-6, P.E.C.H.S., Karachi duly stamped and signed not less than 48 hours before the time of meeting.

**3. CDC ACCOUNT HOLDERS WILL HAVE TO FOLLOW FURTHER UNDER MENTIONED GUIDELINES AS LAID DOWN BY THE SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN.**

A. For attending the meeting:

(i) In case of individuals, the account holders or sub-account holders and their registration details are uploaded as per the regulations, shall authenticate their identity by showing their original Computerized National Identity Card (CNIC), or Original Passport at the time of attending the meeting.

(ii) In case of Corporate Entities, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominees shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.

B. For appointing proxies:

(i) In case of individuals, the account holders or sub-account holders and their registration details are uploaded as per the regulations, shall submit the proxy form as per the above requirements. The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form. Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form. The proxies shall produce their original CNIC or original passport at the time of meeting.

(ii) In case of corporate entities, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the person nominated to represent and vote on behalf of the corporate entity, shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the company's registrar.

(iii) Form of proxy is attached to the notice of meeting being sent to the members.

**4. DEDUCTION OF INCOME TAX FROM DIVIDEND AT REVISED RATES**
Pursuant to the provisions of Finance Act, 2017, the deduction of Income Tax from dividend payments shall be made on the basis of filers and non-filers as follows:

| | |
|---|---|
| 1. Filer of Income Tax Returns | 15.0% |
| 2. Non-Filer of Income Tax Returns | 20.0% |

Income Tax will be deducted on the basis of Active Tax Payers list posted on the Federal Board of Revenue website.

Members seeking exemption from deduction of income tax or are eligible for deduction at a reduced rate, are requested to submit a valid tax exemption certificate or necessary documentary evidence as the case my be. Members desiring non-deduction of zakat are also requested to submit a valid declaration for non-deduction of zakat.

The shareholders who have joint shareholdings held by Filers and Non-Filers shall be dealt with separately and in such particular situation, each account holder is to be treated as either a Filer or a Non-Filer and tax will be deducted according to his shareholding. If the share is not ascertainable then each account holder will be assumed to hold equal proportion of shares and the deduction will be made accordingly. Therefore, in order to avoid deduction of tax at a higher rate, the joint account holders are requested to provide the below details of their shareholding to the Share Registrar of the Company.

| Folio/ CDC A/c No. | Name of Shareholders | No. of Shares or percentage (Proportion) | CNIC No. | (Principle / Joint Shareholders) |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

**5. PAYMENT OF CASH DIVIDEND THROUGH ELECTRONIC MODE:**
The provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017 require the listed companies that any dividend payable in cash shall only be paid through electronic mode directly into the designated bank account provided by the entitled shareholders. Accordingly, the shareholders holding physical shares are requested to provide the Company's Share Registrar at the address given herein above, electronic dividend mandate on E-Dividend form available on website of the company and also specimen attached herewith. In the case of shares held in CDC, the same information should be provided to the CDS participants for updating and forwarding to the Company.

**6. CIRCULATION OF ANNUAL REPORTS VIA EMAIL OR CD/DVD/USB:**
Pursuant to the directions given by the Securities and Exchange Commission of Pakistan through its SRO No. 470(I)/2016 dated 31st May, 2016, that has allowed companies to circulate their Annual Audited Accounts (i.e. Annual Balance Sheet and Profit and Loss Accounts, Auditor's Report and Directors' Report etc ("Annual Report") along with the Notice of Annual General Meeting ("Notice") to its shareholders through Email or CD/DVD/USB at the registered addresses.Shareholders who wish to receive the hardcopy of Financial Statements shall have to fill the attached standard request form (also available on the company's website www.sitara.com.pk) and send at the Company address.

**7. PLACEMENT OF FINANCIAL STATEMENTS:**
The audited financial statements of the Company for the year ended June 30, 2017 have been placed at the Company's website: www.sitara.com.pk.

**Members are requested to promptly notify any change in their addresses.**

ORIENT/McCANN

# SITARA

CHEMICAL INDUSTRIES LIMITED

## اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ستارہ کیمیکل انڈسٹریز لمیٹڈ کا چھتیسواں (36) سالانہ اجلاسِ عام بروز بدھ، 25 اکتوبر، 2017 کو بوقت شام 6:00 بجے انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP) آڈیٹوریم ہال، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایونیو، کلفٹن، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جائے گا۔

1۔ 28 اکتوبر، 2016 کو منعقدہ سالانہ اجلاسِ عام کی کاروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ 30 جون، 2017 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں بمعہ ان پر آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور اختیار کرنا۔

3۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش پر 125% کی شرح (12.50 روپے فی حصص) سے منافع منقسمہ کی منظوری دینا۔

4۔ مالی سال 30 جون، 2018 کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔

5۔ صدر نشین کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کار پر غور وخوض کرنا۔

بحکم بورڈ

مظہر علی خان

کمپنی سیکریٹری

کراچی:

مورخہ 22 ستمبر، 2017

نوٹس:

**1۔ حصص کی کتاب کی بندش:**

کمپنی کی تبدیلیِ حصص کی کتاب 18 اکتوبر، 2017 سے 25 اکتوبر، 2017 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہے گی۔ جو منتقلیاں باضابطہ طور پر 17 اکتوبر، 2017 کو کاروبار کی بندش کے وقت تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس میں موصول ہوں گی انہیں منافع منقسمہ کی ادائیگی کے لئے اگر حصص یافتگان کی منظوری ہو تو بروقت تصور کیا جائے گا۔

**2۔ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت**

اجلاس میں شرکت اور ووٹ کا حقدار فرد اپنی جگہ کسی اور فرد کو اپنی جانب سے شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کے لیے پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی کے موثر ہونے کے لئے ضروری ہے کہ مصدقہ اور دستخط شدہ پراکسیز اجلاس سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر میسرز THK ایسوی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، 1st فلور، 40-C، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، کراچی میں پہنچ جانا چاہئیں۔

**3۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جاری کردہ درج ذیل ہدایات پر عمل پیرا ہونا ہوگا۔**

**(الف) اجلاس میں شرکت:**

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز کو اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کے لئے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(ii) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی معہ نامزد شخص کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے سے فراہم نہ کئے گئے ہوں) اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔

**(ب) برائے پراکسی کی تقرری:**

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز کی رجسٹریشن تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ ہوں اور مندرجہ بالا شرائط کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔ پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہونی چاہئے جن کے نام، پتے اور قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں، بینیفیشل اونر اور پراکسی کو اجلاس کے موقع پر اپنا اصل شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(ii) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی معہ نامزد شخص کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) اجلاس کے موقع پر پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی رجسٹرار کو پیش کرنا ہوگا۔

(iii) ممبران کو ارسال کی جانے والی اطلاع برائے اجلاس کے ساتھ پراکسی فارم منسلک ہے۔

**4۔ تبدیل شدہ شرح کے مطابق منافع منقسمہ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی**

یکم جولائی 2017 سے نافذ العمل مالیاتی ایکٹ 2017 کے مطابق، منافع منقسمہ پر انکم ٹیکس کی کٹوتی فائلرز اور نان فائلرز کیلئے درج ذیل بنیادوں پر کی جا سکتی ہے:

| | |
|---|---|
| 1۔ فائلر کے لئے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح | 15% |
| 2۔ نان فائلر کے لئے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح | 20% |

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ویب سائٹ پر شائع کردہ فعال ٹیکس دہندگان (ATP) کی فہرست کی بنیاد پر انکم ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔

انکم ٹیکس کی کٹوتی سے استثنیٰ یا کم شرح پر کٹوتی کے لئے اہل ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ قابلِ معافی ٹیکس سرٹیفیکیٹ یا لازمی دستاویزی ثبوت جو بھی ممکن ہوں پیش کریں۔ زکوٰۃ کی کٹوتی نہ چاہنے والے ممبران سے بھی درخواست کی جاتی ہے کہ وہ زکوٰۃ کی غیر کٹوتی کے لئے درست اقرار نامہ (ڈیکلیریشن) جمع کروائیں۔

مشترکہ شیئر ہولڈنگز رکھنے والے ہر فائلر یا نان فائلر حصص یافتہ سے انفرادی طور پر برتاؤ کیا جائے گا، اور ایسی صورتحال میں ہر اکاؤنٹ ہولڈر سے فائلر یا نان فائلر کی بنیاد پر ٹیکس کی کٹوتی اس کی شیئر ہولڈنگ کے مطابق کی جائے گی۔ اگر حصص قابلِ تحقیق نہیں ہے تو ہر اکاؤنٹ ہولڈر کو مساوی حصص کے تناسب کا مالک تصور کرتے ہوئے کٹوتی اس کے مطابق کی جائے گی۔ لہٰذا، بلند شرح پر ٹیکس کی کٹوتی سے بچنے کے لئے مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اپنے حصص کی مندرجہ ذیل تفصیلات فراہم کریں۔

| فولیو/CDC اکاؤنٹ نمبر | شیئر ہولڈر کا نام | حصص کا تناسب (حصص کی تعداد) | قومی شناختی کارڈ نمبر | پرنسپل / مشترکہ شیئر ہولڈرز |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

5۔ الیکٹرانک طریقہ کار کے مطابق نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی

مندرج شدہ کمپنیوں کی ضروریات کے مطابق کمپنیز ایکٹ 2017 کی سیکشن 242 کے تحت کسی بھی منافع منقسمہ کی نقد ادائیگی صرف الیکٹرانک طریقہ کار کے مطابق مستحق حصص یافتگان کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست کی جائے گی۔ لہٰذا ظاہری شیئرز رکھنے والے حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی شیئر رجسٹرار کو یہاں مذکورہ ایڈریس پر فراہم کرے، ای ڈیویڈنٹ فارم پر الیکٹرانک ڈیویڈنٹ مینڈیٹ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے اور یہاں بطور نمونہ بھی منسلک ہے۔ سی ڈی سی میں حصص کے معاملے میں، ان معلومات کو سی ڈی ایس کے شرکاء کو اپ ڈیٹ کرنے اور آگے بڑھانے کے لئے فراہم کیا جانا چاہیے۔

6۔ سالانہ رپورٹ کی بذریعہ ای میل یا CD/DVD/USB سے ترسیل

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے تحریہ SRO No.470(I)/2016 مورخہ 31 مئی 2016 کے مطابق کمپنی کو اپنے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس (جو کہ سالانہ بیلنس شیٹ اور نفع اور نقصان اکاؤنٹس، آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ ("سالانہ رپورٹ") وغیرہ بشمول اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام ("نوٹس") اپنے حصص یافتگان کو بذریعہ ای میل یا CD/DVD/USB کے ذرائع سے ان کے رجسٹرڈ پتے پر ترسیل کی اجازت دی ہے۔ جو حصص یافتگان کمپنی کے مالیاتی گوشواروں کی نقول کے حصول کے خواہشمند ہیں انہیں منسلکہ اسٹینڈرڈ درخواست فارم (کمپنی کی ویب سائٹ www.sitara.com.pk پر بھی دستیاب ہے) کو پُر کر کے کمپنی کے پتے پر ارسال کرنا ہوگا۔

7۔ مالیاتی گوشواروں کی دستیابی

30 جون 2017 کو ختم ہونے والے مالی سال کے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کو کمپنی کی ویب سائٹ www.sitara.com.pk پر آویزاں کیا گیا ہے۔

ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی بابت ہمارے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر مطلع کریں۔

OBENTmMcCANN